safe mix
Concrete Limited
A Listed Company in Pakistan Stock Exchange. Branch Nusrat Bhutto Colony.

22th September 2023

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Subject: **Notice of Annual General Meeting (Pre- Publication)**

Dear Sir,

In accordance with the Clause 5.6.9(b) of the PSX Rule Book, please find enclosed herewith a copy of captioned notice to shareholders of Safe Mix Concrete Limited prior to its publication in newspapers.

The appended notice will be published in newspapers namely Pakistan Observer (English) and Roznama Dunya (Urdu) on Tuesday, 24th September 2023.

You may please also inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours' faithfully,

Safe Mix Concrete Limited
Karachi

**Vaqas Rafi**
CFO & Company Secretary

Karachi Plot # 1, Global Industry, Nusrat Bhutto Colony, North Nazimabad Karachi.
Help Line 0345 2022 473-4
Email info@safemixlimited.com

safe mix
Concrete Limited

# NOTICE OF 17th ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that that Seventeenth Annual General Meeting of the shareholders of **Safe Mix Concrete Limited** (the Company) will be held on Friday, October 16, 2023, at 2:30 p.m. at PSX Auditorium, Stock Exchange Building, and Stock Exchange Road, Karachi to transact the following business

## ORDINARY BUSINESS

1. To confirm the minutes of 16th Annual General Meeting held on October 28, 2022.

2. To receive, consider and adopt annual audited financial statements of the Company together with Auditors' Reports thereon for the year ended June 30, 2023.

3. To appoint Auditors and fix their remuneration for the year ending June 30, 2024. The Board of Directors have recommended for reappointment of M/s. Rehman Sarfaraz Rahim Iqbal Rafiq & Co as external auditors.

## SPECIAL BUSINESS

4. To authorize the Board of Directors of the Company to approve those transactions with Related Parties (if executed) during the financial year ending June 30, 2024 which require approval of shareholders u/s 207 and / or 208 of the companies Act, 2017, by passing the following resolution with or without modification:

   **RESOLVED THAT**
   The Board of Directors of the Company be and is hereby authorized to approve the transactions to be conducted with Related Parties on case to case basis for the financial year ending June 30, 2024.

   **FURTHER RESOLVED THAT**
   The transactions approved by the Board shall be deemed to have been approved by the shareholders u/s 207 and / or 208 of the companies Act, 2017 (if triggered) and shall be placed before the shareholders in the next Annual General Meeting for their formal ratification/approval u/s 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017 (if required).

5. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its S.R.O. 389(1)/2023 dated March 21, 2023 has allowed the listed companies to circulate the annual balance sheet and profit and loss account, auditor's report and directors' report, etc. ("annual audited financial statements") to its members through QR enabled code and weblink, subject to approval of shareholders in AGM. Therefore, the shareholders are requested to consider, and if deemed fit, approve the following resolution as an ordinary resolution:

   **RESOLVED THAT**
   "Resolved that Safe Mix Concrete Limited the "Company" be and is hereby authorized to circulate its annual audited financial statements, to the members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with S.R.O. 389(I)/2023 issued by the SECP, and that the practice of circulation of the annual financial statements through CD /DVD/USB may be discontinued.

safe mix
Concrete Limited

**FURTHER RESOLVED THAT**

Further resolved that the Company Secretary be and is hereby authorized to do all acts, deeds and things, take or cause to be taken any action as may be necessary, incidental or consequential to give effect to this resolution."

**ANY OTHER BUSINESS**

6. To consider any other business with the permission of the Chair.

Statements under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 in respect of special business contained in Agenda Item Number 4 and 5, are annexed to the notice being sent to the members

By Order of the Board
Vaqas Rafi
Company Secretary

Karachi
Dated: October 25, 2023

Notes:

1. Share transfer books of the Company will remain closed from October 09, 2023 to October 16, 2023 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of the company's share registrar, M/s THK Associated (Private) Limited, Plot No 32-C Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi 75500, and e-mail sfc@thk.com.pk Pakistan up to the close of business on October 6, 2022 will be considered in time for determination of entitlement of shareholders to attend and vote at the meeting.

2. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxy form is enclosed with the Annual report. A proxy must be a member of the Company. Proxies, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company, duly stamped, signed and witnessed, not less than 48 (forty-eight) hours before the meeting.

3. Procedure including the guidelines as laid down in Circular No. I - Reference No. 3 (5-A) Misc / ARO / LES / 96 dated January 26, 2000 issued by Securities & Exchange Commission of Pakistan:

   i. Members, proxies or nominees shall authenticate their identity by showing their original national identity card or original passport and bring their folio numbers at the time of attending the meeting
   ii. In the case of corporate entity, Board of Directors' resolution / power of attorney and attested copy of the CNIC or passport of the nominee shall also be produced (unless provided earlier) at the time of meeting

iii. In order to be effective, the proxy forms must be received at the office of our registrar not later than 48 hours before the meeting, duly signed and stamped and witnessed by two persons with their names, address, CNIC numbers and signatures
iv. In the case of individuals, attested copies of CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form
v. In the case of proxy by a corporate entity, Board of Directors resolution / power of attorney and attested copy of the CNIC or passport of the proxy shall be submitted along with proxy form

4. In pursuance of SECP's Circular No. 4 dated February 15, 2021, pertaining to Regulatory Relief to dilute impact of Corona Virus (COVID 19) for Corporate Sector, the shareholders shall be entitled to attend the proceedings of the AGM through online means using a video link facility, Zoom application or other electronic means for the safety and well-being of the valued shareholders and the general public.

   Accordingly, the company intends to convene the AGM with minimum physical interaction with shareholders while ensuring compliance with the quorum requirements and requests the members to consolidate their attendance and voting at the AGM through proxies.

   Therefore, the company has made arrangements to ensure that all participants including shareholders, can also participate in the AGM proceeding via video link. Hence, those members who desire online participation in the AGM are requested to register themselves by sending an email along with following particulars and valid copy of both sides of their CNIC at agm@safemixlimited.com with subject of "Registration for SMCPL AGM 2023" not less than 48 hours before the time of meeting:

| **Name of Shareholder** | **CNIC No** | **Folio No / CDC Account No** | **Cell No** | **Email Address** |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

   Video Link to join the AGM will be shared with only those members whose emails, containing all the required and correct particulars are received at above mentioned email address.

5. Notice to Shareholders for provision of CNIC and other details

   The Individual Members who have not yet submitted photocopy of their valid Computerized National Identity Card (CNIC) to the Company / Share Registrar, are once again reminded to send the same at the earliest directly to Company's Share Registrar, M/s THK Associated (Private) Limited, Plot No 32-C Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi. The Corporate Entities are requested to provide their National Tax Number (NTN). Please give Folio Number with the copy of CNIC / NTN details.

6. Payment of Cash Dividend through Electronic Mode (Mandatory)

Further, under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed Company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. Consequently, in order to receive future cash dividends directly into bank account, if any, shareholders having physical shares are requested to fill in 'Electronic Mode Dividend Form' available at Company's website containing prescribed details and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company. In case of book-entry securities, shareholders must get their respective records updated as per the 'Electronic Mode Dividend Form' with their Broker / Participant / CDC account services.

In case of absence / non-receipt of the copy of a valid CNIC and bank account details, the Company would be constraint under Section 243(2)(a) of the Companies Act, 2017 to withhold the payment of future dividends, if any, to such members till provision of prescribed details.

7. E-Voting

Members can also exercise their right of E-Voting subject to the requirement of Sections 143-145 of the Companies Act, 2017 and the applicable clauses of the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018.

8. Provision of Video Link Facility

Shareholders may participate in the meeting via video-link facility. If the Company receives a demand (at least 7 days before the date of meeting) from shareholder(s) holding an aggregate 10% or more shareholding residing in any other city, to participate in the meeting through video link, the Company will arrange video link facility in that city.

Shareholders, who wish to participate through video-link facility, are requested to fill in Video Link Facility Form available at Company's website and send a duly signed copy to the Registered Address of the Company.

9. Distribution of Annual Report

The Annual Report of the Company for the year ended June 30, 2023 has been placed on the Company's website at the given link: https://safemixlimited.com/investors-desk.

Further, Annual Report of the Company for the year ended June 30, 2023 is dispatched to the shareholders through CD. However, if a shareholder, in addition, requests for hard copy of Annual Report, the same shall be provided free of cost within seven days of receipt of such request. For convenience of shareholders, a "Standard Request Form for provision of Annual Report" has also been made available on the Company's website www.safemixlimited.com

10. Deposit of Physical shares in CDC Accounts

As per Section 72 of the Companies Act 2017 every exiting company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP within a period not exceeding four years from the commencement of the Companies Act 2017 i.e. 30th May 2017. The shareholders having physical shareholding are requested to open CDC sub-account with any of the brokers or investors account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form.

11. Unclaimed Dividend

Shareholders, who by any reason, could not claim their previous dividends are advised to contact our Share Registrar M/s THK Associated (Private) Limited, Plot No 32-C Jami Commercial Street 2, D.H.A Phase VII, Karachi 75500, and e-mail sfc@thk.com.pk, to collect/enquire about their unclaimed dividend, if any. The details of the dividend declared by the Company which have remained due for more than three years are available on the Company's website.

12. SUBMISSION OF COMPUTERIZED NATIONAL IDENTITY CARD (CNIC) FOR PAYMENT OF FINAL CASH DIVIDEND

Pursuant to the directives of SECP, CNIC number of shareholders is MANDATORILY required for payment of dividend. Shareholders are therefore, requested to submit a copy of their valid CNIC (if not already provided) to the Company on its registered address / Share Registrar. In the absence of a member's valid CNIC, the Company will be constrained to withhold payment of cash dividend to such members.

CDC account holders are requested to submit attested copy of their CNIC to the relevant member stock exchange or to CDC if maintaining CDC investor account.

13. CONFIRMATION OF "FILER" STATUS FOR INCOME TAX WITHHOLDING ON CASH DIVIDEND

For cash dividend, the rates of deduction of income tax, under section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 are as follows:

| | | |
|---|---|---|
| a. | Rate of tax deduction for filer of income tax returns | 15% |
| b. | Rate of tax deduction for non filer of income tax returns | 30% |

In case of joint account, each holder is to be treated individually as either a filer or non-filer and tax will be deducted on the basis of shareholding of each joint holder as may be notified by the shareholder, in writing to the Company / Share Registrar. If no notification is received, each joint holder shall be assumed to have an equal number of shares.

The CNIC number / NTN detail is now mandatory and is required for checking the tax status as per the Active Taxpayers List (ATL) issued by the Federal Board of Revenue (FBR) from time to time.

14. EXEMPTION FROM DEDUCTION OF INCOME TAX / ZAKAT:

Members seeking exemption from deduction of income tax or are eligible for deduction at a reduced rate are requested to submit a valid tax withholding exemption certificate or necessary

documentary evidence for this purpose. Members desiring non-deduction of zakat are also requested to submit a valid declaration for non-deduction of zakat.

CDC account holders are requested to submit their declaration for non-deduction of zakat to the relevant member stock exchange or to CDC if maintaining CDC investor account.

**15. PROCEDURE FOR ELECTRONIC VOTING FACILITY AND VOTING THROUGH POSTAL BALLOT**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and its amendments notified vide SRO 2192(I)/2022 dated December 5, 2022, members will be allowed to exercise their right to vote for the special business in the AGM, in accordance with the conditions mentioned in the aforesaid regulations. The Company shall provide its members with the following options for voting

**E-voting Procedure**

a- Members who intend to exercise their right of vote through e-voting shall send email with subject “E-voting Request” at corporate@safemixlimited.com and provide their valid CNIC Numbers, Cell numbers and email address on or before October 6, 2023. Details of the e-voting facility will be shared through an email with the members.

b- The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from the web portal of THK Associated (Pvt) Limited.

c- Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

d- E-Voting lines will start from October 11, 2023, 09:00 a.m. and shall close on October 13, 2023 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently

**Postal Ballot**

Members may alternatively opt for voting through postal ballot. The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address, Safe Mix Concrete Limited, Plot No. 1, Global Industry, Nusrat Bhutto Colony, North Nazimabad, Karachi or email with subject “Voting through Postal Ballot” at corporate@safemixlimited.com not later than one working day before the AGM on October 13, 2023, during working hours. Postal Ballot Paper, shall be published in newspapers and will also be placed on the Company's website www.safemixlimited.com at least seven (7) days before the meeting

safe mix
Concrete Limited

**STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

This statement sets out the material facts concerning the Special Business given in Agenda item No. 4 and 5 of the Notice to be transacted at the Annual General Meeting of the Company. Directors of the Company have no interest in the special business except in their capacity as director / shareholder.

**Agenda No.4**

AUTHORIZATION FOR THE BOARD OF DIRECTORS TO APPROVE THOSE TRANSACTIONS WITH RELATED PARTIES (IF EXECUTED) DURING THE FINANCIAL YEAR ENDING 30TH JUNE 2024 WHICH REQUIRE APPROVAL OF SHAREHOLDERS U/S 207 AND / OR 208 OF THE COMPANIES ACT, 2017

The Company shall be conducting transactions with its related parties during the year ending 30th June 2024 on an arm's length basis as per the approved policy with respect to 'transactions with related parties' in the normal course of business. Being the directors of the Company, many Directors may be deemed to be treated as interested in transactions with related parties due to their common directorships and/or shareholding. In order to promote good corporate governance and transparent business practices, the shareholders desire to authorize the Board of Directors to approve transactions with the related parties from time-to-time on case to case basis, including transactions (if executed) triggering approval of shareholders u/s 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017, for the year ending 30th June 2024, which transactions shall be deemed to be approved by the Shareholders. The nature and scope of such related party transactions is explained above. These transactions shall be placed before the shareholders in the next Annual General Meeting for their formal approval/ratification. The Directors are interested in the resolution only to the extent of their shareholding and / or common directorships in such related parties.

**Agenda No.5**

To circulate the Annual Balance Sheet and Profit and Loss Accounts, Auditor's Report and Directors' Report, etc. ("Annual Audited Financial Statements") to its members through QR enabled code and weblink:

The approval of the shareholder to circulate the Annual Audited Financial Statements to its members through QR enabled code and weblink as required u/section 223 (7) of Companies Act and subsequently advised by SECP through its Notification S.R.O. 389 (1)/ 2023 dated March 21, 2023 is to be obtained.

# نوٹس برائے 17ویں سالانہ اجلاس عام

ذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سیف مکس کنکریٹ لمیٹڈ (''کمپنی'') کے شیئر ہولڈروں کا 17 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 16 اکتوبر 2023 بوقت 02:30 بجے سہ پہر بمقام PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور نمٹائے جائینگے:

## A) عمومی امور

**1۔** 28 اکتوبر 2022 کو منعقدہ 16 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

**2۔** 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونیوالے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں ہمراہ آڈیٹروں کی رپورٹ وصول کرنا، ان پر غور وخوص کرنا اور ان کی منظوری دینا۔

**3۔** 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونیوالے سال کیلئے آڈیٹروں کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز رحمٰن سرفراز رحیم اقبال رفیق اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس) کی بحیثیت کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

## B) خصوصی امور

**4۔** ترمیم کے ساتھ یا بغیر درج ذیل قرارداد منظور کرکے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2024 کے دوران منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ (بصورت تکمیل) اُن سودوں کی منظوری کا اختیار دینا جن کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 207 اور/ یا 208 کے تحت شیئر ہولڈروں کی جانب سے دی جانی ضروری ہوتی ہے۔

قرار پایا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونیوالے مالیاتی سال کے دوران منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ کیس ٹو کیس بنیاد پر منظوری دینے کا اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہٰذا منظوری دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ سودوں (اگر ہوں) کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے دی جانیوالی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 207 اور/ یا 208 کے تحت شیئر ہولڈروں کی جانب سے منظوری تصور کی جائیگی اور ان کی رسمی توثیق/منظوری کیلئے (اگر ضروری ہو) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 207 اور/ یا 208 کے تحت آئندہ سالانہ اجلاس عام میں پیش کئے جائینگے۔

**5۔** سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے S.R.O. 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کھاتہ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ، وغیرہ (''آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے'')، سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈروں کی منظوری کی شرط پر QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ممبران میں تقسیم کرنے کی اجازت دی ہے۔ چنانچہ شیئر ہولڈروں سے التماس ہے کہ وہ زیر غور لائیں اور موزوں پائے جانے پر درج ذیل قرارداد کی بطور عام قرارداد منظوری دیں:

''قرار پایا کہ سیف مکس کنکریٹ لمیٹڈ (''کمپنی'') کو SECP کے جاری کردہ SRO389(I)/2023 کی مطابقت میں کمپنی کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے تقسیم کرنے کا اختیار دیا جائے اور سالانہ مالیاتی گوشوارے بذریعہ CD/DVD/USB تقسیم کرنے کا سلسلہ ختم کیا جائے اور ذریعہ ہٰذا ایسا اختیار اسے دیا جاتا ہے۔

''مزید قرار پایا کہ قراردادِ ہٰذا کو مؤثر بنانے کی غرض سے کمپنی سیکریٹری کو اس معاملے میں مذکورہ بالا قرارداد کے نفاذ کی غرض سے تمام ضروری کارروائی کرنے اور تمام اقدامات، افعال اور چیزیں کرنے کے اختیارات دیئے جائیں اور ذریعہ ہٰذا اختیارات دیئے جاتے ہیں۔''

## دیگر امور

**6۔** صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر امور پر غور وخوص کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی امور کے ضمن میں بیان ایجنڈا آئٹم نمبر 4 اور 5 ممبران کو ارسال کئے جانے والے نوٹس ہٰذا کے ساتھ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**وقاص رفیع**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

مورخہ 25 اکتوبر 2023

## نوٹس:

**1۔** کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے بتاریخ 09 اکتوبر 2023 تا 16 اکتوبر 2023 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ 06 اکتوبر 2023 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32 جامی کمرشل اسٹریٹ 2، DHA فیز VII، کراچی 75500 اور ای میل sfc@thk.com.pk کو موصول ہونے والی درخواستیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کے استحقاق کیلئے بروقت سمجھی جائینگی۔

**2۔** اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کا استحقاق رکھنے والا ہر ممبر اسکی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی اور ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ مؤثر ہونے کی غرض سے لازم ہے کہ باقاعدہ دستخط اور مہر شدہ پراکسیز جن پر گواہوں کے دستخط بھی ہوں، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 (اڑتالیس) گھنٹے قبل تک پہنچ جائیں۔

3۔ پروسیجر بشمول سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر ا۔ ریفرنس نمبر 3(5-A)Misc/ARO/LES/96 مورخہ 26 جنوری 2000 میں واضح کردہ گائیڈ لائنز:

i۔ ممبر، پراکسیز یا نامزد کردہ فرد اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا فولیو نمبر بھی ساتھ لائے گا۔

ii۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد کردہ کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو تو) اجلاس کے وقت فراہم کرنا ہوگی۔

iii۔ مئوثر ہونے کیلئے لازم ہے کہ پراکسی فارم ہمارے رجسٹرار کے دفتر میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک موصول ہو جائیں جن پر باقاعدہ دستخط اور مہر ثبت ہوں اور دو گواہوں کے نام مع پتہ، CNIC نمبر اور دستخط ثبت ہوں۔

iv۔ فرد ہونے کی صورت میں مالک انتفاعی (beneficial owners) اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔

v۔ کسی کارپوریٹ ادارے کی جانب سے پراکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانی ہونگی۔

4۔ کورونا وائرس (COVID 19) کے اثرات میں کمی لانے کی غرض سے کارپوریٹ سیکٹر کو قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے SECP کے سرکلر نمبر 4 مورخہ 15 فروری 2021 کی تعمیل میں ہمارے قابل قدر شیئر ہولڈرز اور عوام الناس کی حفاظت اور بہتری کی خاطر شیئر ہولڈر ویڈیو لنک کی سہولت، زوم ایپلی کیشن یا دیگر الیکٹرانک ذرائع استعمال کرتے ہوئے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں شرکت کے استحقاق کے حامل ہیں۔

چنانچہ کمپنی کورم کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہوئے شیئر ہولڈروں کی کم سے کم شرکت کے ساتھ AGM کے انعقاد کی خواہاں ہے اور ممبران سے التماس کرتی ہے کہ وہ AGM میں اپنی حاضری اور رائے شماری پراکسیز کے توسط سے یقینی بنائیں۔

لہٰذا کمپنی نے یہ یقینی بنانے کیلئے کہ شیئر ہولڈروں سمیت تمام شرکاء AGM کی کارروائی میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہو سکیں۔ لہٰذا AGM میں آن لائن ذریعے سے شرکت کے خواہاں ممبران سے گذارش ہے کہ وہ درج ذیل کوائف اور اپنے مئوثر CNIC کی دونوں اطراف کی نقول کے ہمراہ agm@safemixlimited.com پر ای میل بھیج کر اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل خود کو رجسٹر کروالیں۔ ای میل کی موضوعاتی سطر (subject line) میں ''Registration for SMCPL AGM 2023'' درج کریں:

| نام شیئر ہولڈر | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | سیل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

AGM کا ویڈیو لنک صرف ان ممبران کو فراہم کیا جائیگا جن کی تمام مطلوبہ اور درست کوائف پر مشتمل ای میلز متذکرہ بالا ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گی۔

**5۔ نوٹس بنام شیئر ہولڈرز برائے فراہمی CNIC اور دیگر تفصیلات**

اپنے مئوثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کمپنی/شیئر رجسٹرار کے پاس تا حال جمع نہ کروانے والے انفرادی ممبران کو ایک بار پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے مئوثر CNIC کی نقل براہ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی کے پاس جمع کروا دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے ان کے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کرنے کی درخواست ہے۔ ازراہ کرم CNIC کی نقل/ NTN کی تفصیلات کے ہمراہ اپنا فولیو نمبر بھی فراہم کریں۔

**6۔ الیکٹرانک ذریعے سے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی (لازمی)**

مزید یہ کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے مندرجات کی رُو سے لسٹڈ کمپنیوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈروں کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی حق دار شیئر ہولڈر کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں صرف الیکٹرانک ذریعے سے کریں۔ لہٰذا مستقبل میں نقد منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ، اگر ہو، میں حاصل کرنے کی غرض سے طبعی شیئر کے حامل شیئر ہولڈروں سے التماس ہے کہ وہ مقررہ تفصیلات پر مشتمل کمپنی کی ویب سائٹ پر مہیا 'Electronic Mode Dividend Form' کو پُر کریں اور اس پر دستخط کر کے اپنے CNIC کی نقل کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرار کے پاس بھیج دیں۔ بک انٹری تمسکات کی صورت میں شیئر ہولڈروں پر لازم ہے کہ وہ اپنے بروکر/ پارٹیسپینٹ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کے پاس اپنے متعلقہ ریکارڈ کی تجدید 'Electronic Mode Dividend Form' کی مناسبت سے کروالیں۔

مئوثر CNIC کی نقل اور بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم موجودگی/ عدم وصولی کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 243(2)(a) کی مطابقت میں کمپنی ایسے ممبران کو مطلوبہ تفصیلات کی فراہمی تک، مستقبل میں نقد منافع منقسمہ، اگر ہو، کی ادائیگی روک لینے پر مجبور ہوگی۔

**7۔ ای ووٹنگ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 143 تا 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی قابل اطلاق دفعات کے مطلوبات کی شرط پر ممبران اپنے ای ووٹنگ کے استحقاق کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**8۔ ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی**

شیئر ہولڈر اجلاس میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ کمپنی کو اگر کسی شہر میں کمپنی کے اجتماعی طور سے 10% شیئرز کے حاملین کی جانب سے (اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل) درخواست موصول ہوتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو لنک کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔

ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈروں سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ویڈیو لنک فیسلٹی فارم پُر کریں اور فارم کی دستخط شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کریں۔

## 9۔سالانہ رپورٹ کی تقسیم

30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونیوالے سال کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ https://safemixlimited.com/investors-desk پر رکھ دی گئی ہے۔

مزید یہ کہ 30 جون 2023 کو اختتام پذیر ہونیوالے سال کی سالانہ رپورٹ شیئر ہولڈروں کو CD کی صورت میں ارسال کر دی گئی ہے۔ تاہم شیئر ہولڈر اگر اسکے علاوہ سالانہ رپورٹ ہارڈ کاپی کی صورت میں طلب کرتے ہیں تو وہ انہیں درخواست کی وصولی کے اندرون سات یوم بلا قیمت مہیا کر دی جائیگی۔ شیئر ہولڈروں کی سہولت کیلئے ایک ''Standard Request Form for provision of Annual Report'' کمپنی کی ویب سائٹ www.safemixlimited.com پر بھی مہیا کر دی گئی ہے۔

## 10۔سی ڈی سی اکاؤنٹ میں طبعی شیئرز جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ہر کمپنی تصریح کردہ طریق کار پر اور SECP کی جانب سے نوٹس ملنے کی تاریخ سے کمپنیز ایکٹ 2017 کا آغاز ہونے یعنی 30 مئی 2017 سے زیادہ چار (04) سال کی مدت کے اندر اندر اپنے طبعی شیئرز بک انٹری کی صورت میں تبدیل کرنے کی پابند ہوگی۔ طبع شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈروں سے گذارش ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے پاس اپنا سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا سی ڈی سی میں براہ راست انوسٹرز اکاؤنٹ کھلوالیں تا کہ ان کے شیئرز کاغذی صورت کی بجائے ڈیجیٹل صورت میں محفوظ ہوسکیں۔

## 11۔غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ

ایسے شیئر ہولڈر جو کسی وجہ سے اپنے گزشتہ منافع منقسمہ وصول نہ کر سکے ہوں، انہیں چاہیئے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز VII، کراچی 75500 اور ای میل sfc@thk.com.pk پر رابطہ کر کے اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ کے متعلق معلومات/ منافع منقسمہ، اگر ہو، حاصل کر سکیں۔ تین سال سے زائد مدت سے غیر دعویٰ شدہ رہنے والے اعلان کردہ منافع منقسمہ کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ پر مہیا کر دی گئی ہیں۔

## 12۔حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) جمع کرانا

SECP کی ہدایات کی تعمیل میں نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے شیئر ہولڈروں کے سی این آئی سی نمبر لازمی شرط ہیں۔ چنانچہ شیئر ہولڈروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مئوثر CNIC کی نقل (اگر پہلے جمع نہ کروائی ہو تو) کمپنی کے پاس اسکے رجسٹرڈ پتہ/شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروادیں۔ ممبر کے مئوثر CNIC کی عدم موجودگی کی صورت میں کمپنی ایسے ممبران کا منافع منقسمہ روک لینے پر مجبور ہوگی۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والوں سے التماس ہے کہ وہ اپنے مئوثر CNIC کی نقل اپنے متعلقہ ممبر اسٹاک ایکسچینج یا، سی ڈی سی انوسٹرز اکاؤنٹ رکھنے کی صورت میں سی ڈی سی کے پاس جمع کروائیں۔

## 13۔منافع منقسمہ پر انکم ٹیکس ودہولڈنگ کیلئے ''فائلر'' کی حیثیت کی تصدیق

منافع منقسمہ پر انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح زیر دفعہ 150 بابتہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 بمطابق درج ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| اے | انکم ٹیکس ریٹرن فائلرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 15% |
| بی | انکم ٹیکس ریٹرن نان فائلرز کیلئے ٹیکس کٹوتی کی شرح | 30% |

جوائنٹ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں ہر شریک اکاؤنٹ ہولڈر کے فائلر یا نان فائلر ہونے کا تعین انفرادی حیثیت میں کیا جائیگا اور ٹیکس کی کٹوتی جوائنٹ اکاؤنٹ رکھنے والے ہر فرد کی انفرادی تعداد ملکیت، جو شیئر ہولڈر کی جانب سے کمپنی/شیئر رجسٹرار کو بصورت تحریر بتائی گئی ہو، میں موجود شیئرز کی تعداد کی مناسبت سے کی جائیگی۔ اس ضمن میں اطلاع نہ دیئے جانے کی صورت میں تصور کیا جائیگا کہ ہر جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر برابر شیئرز کا مالک ہے۔

CNIC نمبر/NTN کی تفصیلات اب لازمی کر دی گئی ہیں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ فہرست فعال ٹیکس دہندگان (ATL) میں ان کی ٹیکس دہندہ کی حیثیت معلوم کرنا بھی ضروری ہے۔

## 14۔انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ

انکم ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے یا کم شرح سے کٹوتی کے اہل ممبر اب سے گذارش ہے کہ وہ ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ کا مئوثر سرٹیفکیٹ یا اس مقصد کیلئے ضروری دستاویزی شہادتیں جمع کروائیں۔ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے کے خواہاں ممبران سے بھی التماس ہے کہ وہ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ کا حلف نامہ بھی جمع کرائیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈروں سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ اپنے متعلقہ ممبر اسٹاک ایکسچینج یا اگر سی ڈی سی انوسٹر اکاؤنٹ کے حامل ہیں تو سی ڈی سی کے پاس جمع کروائیں۔

## 15۔الیکٹرانک ووٹنگ کا طریق کار اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے رائے شماری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور SRO 2192(I)/2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 کے ذریعے مطلع کردہ ترمیمات کی تعمیل میں ممبران کو سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور میں، مذکورہ بالا ریگولیشنز میں مقرر کردہ شرائط کی مطابقت میں، ان کا حق رائے دہی استعمال کرنے کا موقع دیا جائیگا۔ کمپنی ووٹنگ کیلئے ممبران کو درج ذیل انتخابات فراہم کرے گی:

### ای ووٹنگ کا طریق کار:

a۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ سے ممبران کو بذریعہ ای میل آگاہ کیا جائیگا۔ سیکورٹی کوڈ سے ممبران کو THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ویب پورٹل سے بذریعہ SMS آگاہ کیا جائے گا۔

b۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہاں ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخطوں یا لاگ ان کیلئے تصدیقی طریق کار کے ذریعے کی جائیگی۔

c۔ای ووٹنگ کی لائنوں کا آغاز 12 اکتوبر 2023 صبح 09:00 بجے کیا جائیگا جو 15 اکتوبر 2023 شام 05:00 بجے بند کر دیا جائیگا۔ ممبران اس دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ دے سکیں گے۔ کسی ممبران کی جانب سے کسی قرارداد کیلئے ایک بار ووٹ دیئے جانے کے بعد اسے رائے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

## پوسٹل بیلٹ

ممبران متبادلاً (پوسٹل بیلٹ) ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں۔ اس کیلئے ممبران یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ پُر اور دستخط کردہ بیلٹ پیپر ہمراہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل اجلاس کے چیئرمین کے پاس ڈاک کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ، سیف مکس کنکریٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر 1، گلوبل انڈسٹری، نصرت بھٹو کالونی، نارتھ ناظم آباد، کراچی یا ''Voting through Postal Ballot'' کے عنوان والی ای میل کے ذریعے ای میل ایڈریس corporate@safemixlimited.com پر زیادہ سے زیادہ AGM سے ایک یوم کار پہلے یعنی 13 اکتوبر 2023 کو دوران دفتری اوقات پہنچ جانے چاہئیں۔ پوسٹل بیلٹ پیپر اخبارات میں شائع کئے جانے کے ساتھ ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ www.safemixlimited.com پر اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل چسپاں کردیا جائیگا۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت بیان

بیان ہٰذا کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں نمٹائے جانیوالے ایجنڈا نمبر 4 اور 5 میں مذکورہ خصوصی امور کے متعلق مادّی حقائق بیان کرتے ہیں۔ کمپنی کے ڈائریکٹران کا خصوصی امور میں کوئی مفاد نہیں ماسوائے بحثیت ڈائریکٹر/شیئر ہولڈر کے۔

## ایجنڈا نمبر 4

**30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونیوالے مالی سال کے دوران منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ ہونے والے ان سودوں (اگر ہوئے) کی منظوری کے اختیارات بورڈ آف ڈائریکٹرز کو سونپنا جن کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 207 اور/یا 208 کے تحت شیئر ہولڈروں کی منظوری مطلوب ہوتی ہو۔**

کمپنی 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونیوالے مالی سال کے دوران عمومی کاروباری سرگرمی کرتے ہوئے 'منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ سودوں' کے ضمن میں منظور کردہ پالیسی کے تحت منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ آزادانہ طور سے سودے کرے گی۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی حیثیت میں تصور کیا جاسکتا ہے کہ کئی ڈائریکٹروں کا منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ ان سودوں میں بحثیت ڈائریکٹر اور/یا شیئر ہولڈر کوئی مفاد ہوسکتا ہے۔ بہتر کارپوریٹ گورنینس اور شفاف کاروباری سرگرمیوں کی ترویج کیلئے شیئر ہولڈرز 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونیوالے مالی سال کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کو منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ ہونے والے سودوں کی کیس ٹو کیس بنیاد پر منظوری دینے کے اختیارات سونپنے کے خواہاں ہیں جن میں وہ سودے (اگر ہوئے) بھی شامل ہیں جن کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 207 اور/یا 208 کے تحت شیئر ہولڈروں کی منظوری مطلوب ہوتی ہو اور تصور کیا جائیگا کہ ان کی منظوری شیئر ہولڈروں نے ہی دی ہے۔ منسلکہ پارٹیوں کے ساتھ سودوں کی نوعیت اور وسعت مندرجہ بالا سطور میں واضح کردی گئی ہیں۔ یہ سودے ان کی رسمی منظوری/توثیق کیلئے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈروں کے سامنے پیش کئے جائینگے۔ قرارداد ہٰذا میں ڈائریکٹروں کا مفاد صرف ان کے شیئرز کی تعداد اور/یا ان منسلکہ پارٹیوں میں ان کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ تک محدود ہے۔

## ایجنڈا نمبر 5

ممبران کو سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کھاتے، آڈیٹروں کی رپورٹ اور ڈائریکٹروں کی رپورٹ، وغیرہ (''آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے'') کی QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہمی:

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ (7)223 اور SECP کی جانب سے SRO389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 میں دی گئی ہدایات کے تحت مطلوب ہے، ممبران کو سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کھاتے، آڈیٹروں کی رپورٹ اور ڈائریکٹروں کی رپورٹ، وغیرہ (''آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشوارے'') کی QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہمی کی منظوری حاصل کی جانی ہے۔